③

07/07/2016

# بخدمت جناب سیکرٹری صاحب الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

## عرضداشت / اپیل برائے ترمیم حلقہ بندی ہائے

## NA/PP ضلع سرگودھا۔

جناب عالی!

گزارش ہے کہ ضلع سرگودھا کی نئی حلقہ بندیاں NA-88 تا NA-92 قائم کی گئی ہیں اور اسی طرح ضلع سرگودھا کی نئی حلقہ بندیاں PP-72 تا PP-81 قائم کی گئی ہیں۔ جو کہ جدید حلقہ بندی پر درج ذیل اعتراض ہیں:۔

i)۔ یہ کہ موجودہ حلقہ بندی کے مطابق PP-72 کا جو حلقہ بنایا گیا ہے اس میں پھلروان ٹاؤن کمیٹی کو PP-73 میں غلط شامل کیا گیا ہے اور اس کے گردونواح کے علاقہ کے چکوک PP-72 میں شامل کر دیئے گئے ہیں جو کہ الیکشن کمیشن کے رولز کے مطابق compact block نہ ہے اور الیکشن کمیشن سے mistake ہوئی ہے اس کو درست کیا جائے۔

ii)۔ یہ کہ اسی طرح PP-73 کا جو حلقہ جدید بنایا گیا ہے اس میں میونسپل کمیٹی بھلوال، QH۔ بھلوال-I، QH چک نمبر 11 شمالی اور سرگودھا تحصیل QH ماڑی ماسوائے اجنالہ پٹوار سرکل شامل ہے جو کہ اجنالہ پٹوار سرکل کو ماڑی ہیڈکوارٹر سے جدا کرنے کا جواز نہ بنتا ہے اور ایک قانونگوئی (QH) کے جملہ چکوک پورے شامل رکھنے ضروری ہیں اور ایڈمنسٹریشن یونٹ کو نہ توڑا جا سکتا ہے۔

iii)۔ یہ کہ اسی طرح PP-75 میں الیکشن کمیشن آف پاکستان نے سرگودھا تحصیل ہیڈکوارٹر چک نمبر 90-SB کے چار پٹوار سرکل (PC) کو توڑ کر PP-75 میں شامل کیے ہیں۔ جو کہ بلا جواز ہے۔ سرگودھا تحصیل کی QH سرگودھا-II میں شامل کر کے ایڈمنسٹریشن یونٹ چک نمبر 90-SB کو مکمل رکھا جائے اور ان پٹوار سرکل کی بجائے QH کو مکمل کیا جائے جو کہ compact block بھی ہے اور آبادی بھی تقریباً ان کے مساوی ہے اور پٹوار سرکل (PC) اجنالہ کو ماڑی (QH) میں رکھا جائے۔

iv)۔ یہ کہ PP-76 میں صرف چک نمبر 92-NB، QH جو سرگودھا ضلع کی سب سے بڑی قانونگوئی (QH) ہے اور یہ تحصیل سلانوالی، تحصیل ساہیوال سے ملحقہ ہے اس میں سے دو پٹوار سرکل (PC) چک نمبر 104-NB اور چک نمبر 109-NB کو تحصیل سلانوالی PP-79 میں شامل کیا جائے کیونکہ پٹوار سرکل (PC) چک نمبر 109-NB کا چک نمبر 112 شمالی تھانہ سلانوالی میں پہلے ہی شامل ہے اور اس طرح سے PP-79 کی آبادی کو پورا کیا جائے اور دو پٹوار سرکل (PC) سالار اور پٹوار سرکل (PC) کولووال چک نمبر (QH) 92-NB کو

تحصیل ساہیوال PP-80 میں شامل کر کے اس کی آبادی کو پورا کیا جائے اور بقیہ آبادی چک نمبر 92-NB(QH) و شاہین آباد QH چک نمبر 46-SB(QH) اور چک نمبر 90-SB(QH) پر مشتمل PP-76 کو بنایا جائے جو کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے رولز کے مطابق ہے۔

iii)- یہ کہ QH چک نمبر 46-SB، چک نمبر 90-SB تحصیل سرگودہا قانونگوئی QH کی ملحقہ قانونگوئی QH ہیں جن کو ضلع سرگودہا کی دور دراز کی تحصیل ہائے سلانوالی و کوٹ مومن میں شامل کر کے جملہ چکوک کی آبادی کو بنیادی حقوق سے محروم کیا گیا ہے۔

iv)- یہ کہ جملہ تحصیل ہائے کے ساتھ ملحقہ چند چکوک کو اگر دوسری تحصیل میں شامل کر کے آبادی پوری کی جائے تو اس حلقہ جات NA و PP کی آبادی پوری ہو جاتی ہے اور مرکز سرکل قانونگوئی QH بھی متاثر نہیں ہوگا اور حلقہ بندی کی آبادی بھی پوری رہے گی۔ لہٰذا مذکورہ بالا حالات کے تحت جدید حلقہ بندی کو ترمیم کیا جائے۔

2- یہ کہ متذکرہ بالا جدید حلقہ بندی ہائے کی رو سے قانونگوئی QH کے جزوی چکوک کو ملحقہ تحصیل کے حلقہ میں شامل کر دیا گیا ہے اور compact block کو منتشر کر دیا گیا ہے۔ جس سے قانونگوئی QH ہائے کے اہلیان / ووٹرز کو حلقہ جات میں آنے جانے کی دشواری کے علاوہ ریکارڈ مال کی منتقلی ہائے اور انتظامات کی بابت درپیش مسائل کا سامنا کرنا پڑیگا۔

3- یہ کہ جدید حلقہ بندیوں کے مطابق چھ قانونگوئی QH کو تبدیل کیا گیا ہے جو کہ سراسر غلط اور مفادِ عامہ کے اصولوں کے خلاف ہے۔ جبکہ تجویز شدہ حلقہ بندیوں کے مطابق اگر صرف دو قانونگوئی (قانونگوئی QH۔ بھلوال-II، قانونگوئی QH ۔ چک نمبر 92-NB) کو تبدیل کیا جائے تو پورے ضلع سرگودہا کی تمام حلقہ بندیاں compact block کی صورت میں مکمل ہو جائیں گی۔

نوٹ:- شیڈول آبادی، تجویز شدہ حلقہ و نقشہ تجویز شدہ حلقہ بندی بطور Anx-A لف ہے۔

مئودبانہ استدعا ہے کہ مندرجہ بالا اعتراضات کو زیرِ غور لایا جا کر تجویز شدہ اعتراضات کے مطابق حلقہ بندی ہائے کو درست فرمایا جائے قرین انصاف ہوگا۔

**عرضے**

اکمل شمیل ولد بشیر احمد سکنہ چک نمبر 90-NB تحصیل و ضلع سرگودہا۔

فون نمبر:۔ 0300-6000026/ 0345-8600616/ 0344-7530090